Newsletter January 2020

# نیا ناظم آباد

## ایک خواب جو حقیقت میں ڈھل رہا ہے۔





فیز-I میں رہائشی پلاٹوں اور بنگلوں کے قبضے کی فراہمی کے بعد نیا ناظم آباد اپنے اگلے مراحل کی جانب رواں دواں ہے یعنی

**شہرِ کراچی کے بیچوں بیچ ایک مکمل شہر کی تعمیر**









ایک ایسا شہر جہاں زندگی کی تمام تر ضروریات اور ترجیحات ایک ہی چار دیواری کے اندر مُیسر ہوں۔ جہاں آپ کے بچوں کو معیاری تعلیم کے حصول کے لیے اپنے گھر سے دُور نہ جانا پڑے، اور نوجوان نسل کی بہترین ذہنی اور جسمانی نشوونما کے لیے کھیلوں کے میدان، پارکس اور دیگر سہولیات بہترین اور اعلیٰ معیار کے مطابق موجود ہوں۔ جہاں علاج معالجے کی جدید و معیاری سہولیات بھی آپ کی دسترس میں ہوں۔ اس کے علاوہ روزمرہ مذہبی فرائض کی باسہولت ادائیگی کے ساتھ ساتھ دینی اجتماعیت کا فروغ بھی بخوبی ممکن ہو۔ ایسے شہر کی تشکیل کے لیے، نیا ناظم آباد کے ماسٹر پلان میں اسکول، کالج اور ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کی تعمیر کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔









صحتمندانہ سرگرمیوں اور کھیلوں کے فروغ کے لیے نیا ناظم آباد میں تعمیر شدہ بین الاقوامی معیار کا کرکٹ اسٹیڈیم اور اکیڈمی اپنی مثال آپ ہیں۔ نیا ناظم آباد فلڈ لائٹ فٹبال گراؤنڈ اور باسکٹ بال کورٹ بھی اسی مقصد کے حصول کی جانب ایک قدم ہیں۔ نیا ناظم آباد کرکٹ اسٹیڈیم سے متصل زیرِ تعمیر بین الاقوامی معیار کا جمخانہ اُن تمام اِن ڈور اور آؤٹ ڈور کھیلوں کے فروغ کی اعلیٰ مثال ہے جن تک رسائی شہر کراچی میں آسانی سے مُیسر نہ تھی۔ نیا ناظم آباد جمخانہ شہر کراچی میں اپنی نوعیت کا بے مثال انٹرٹینمنٹ، اسپورٹنگ اور تفریحی کلب ہوگا۔ جس میں بین الاقوامی معیار کے مطابق سوئمنگ پول، ٹینس کورٹ، اسکواش کورٹ، بیڈمنٹن، اسنوکر روم وغیرہ شامل ہیں۔ فُٹبال گراؤنڈ، فُٹ سال، منی ہاکی اور باسکٹ بال کورٹ بھی نیا ناظم آباد جمخانہ کے زیرِ انتظام ہوں گے۔ اس کے علاوہ سوئمنگ پُول، جمنازیم، یوگا، جیکوزی اور سوانا جیسی سہولیات بھی میسر ہوں گی۔ نیا ناظم آباد جمخانہ میں بچوں اور خواتین کی تفریحات کو بھی مدِنظر رکھتے ہوئے خواتین کے لیے جم، یوگا اور فٹنس سینٹر اور بچوں کے لیے علیحدہ سوئمنگ پُول، گیمنگ زون اور پلے ایریا دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ نیا ناظم آباد جمخانہ میں بہترین ریستوران، جن میں باربی کیو، فاسٹ فوڈ، سی فوڈ، چائنیز اور کانٹی نینٹل کھانوں کے علاوہ بہترین بیکری، آئسکریم پارلر اور جُوس سینٹر بھی موجود ہوں گے۔ فیملی اور کاروباری تقریبات کے لیے وسیع بینکوئٹ ہال (Banquet Hall) اور مہمانوں کی رہائش کے لیے ایگزیکٹیو رومز کی سہولت بھی میسر ہوگی جہاں آپکے مہمان فائیو اسٹار ایکسپیرئنس Experience سے لُطف اندوز ہونگے۔ نیا ناظم آباد جمخانہ کی ممبر شپ کا باقاعدہ اعلان بہت جلد کیا جارہا ہے۔








بلاک C اور D کے رہائشیوں کی سہولت کے لیے انتہائی خوبصورت و پُر وقار محلّہ مسجد کی تعمیر ایک سال کے قلیل عرصہ میں مکمل کی جا چکی ہے۔ اس کا افتتاح گذشتہ ماہِ رمضان میں ہو چکا ہے۔ جدید و خوبصورت فنِ تعمیر اور اعلیٰ معیار کے باعث اس مسجد کو بے حد پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ علاوہ ازیں پنجگانہ نماز کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ نمازِ جمعہ و عیدین کے روح پرور اجتماعات کے لیے نیا ناظم آباد جامع مسجد کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ اس مسجد کا طرزِ تعمیر اور ڈیزائن بھی اپنی مثال آپ ہے۔ جامع مسجد میں دس ہزار نمازیوں کی گنجائش ہوگی اور اس کی تکمیل ۲۰۲۰ء کے دوران متوقع ہے۔

---

نارتھ ناظم آباد، سخی حسن چورنگی سے محض ۲ کلومیٹر کی مسافت پر، نیا ناظم آباد اپنے محلِ وقوع کے اعتبار سے شہر کراچی کے وسط میں واقع ہے۔ شہر کراچی کے بیچوں بیچ ہونے کے باعث نیا ناظم آباد لوگوں کی توجہ کا مرکز بن چکا ہے۔




| Landmarks | Distance (kms) |
|---|---|
| Airport | 21 kms |
| Shahrah-e-Faisal | 16 kms |
| Civic Center | 11 kms |
| NIPA Chowrangi | 08 kms |
| Mazar-e-Quaid | 13 kms |
| Lucky One Mall | 07 kms |
| Hyderi Market | 05 kms |
| Water Pump (FB Area) | 05 kms |

گذشتہ کئی سالوں میں شہر کراچی کی حدود میں بہت سے تعمیراتی منصوبوں کے باوجود کوئی ایسا بڑا پراجیکٹ نظر نہیں آیا جس میں اعلیٰ رہائشی معیار کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بہترین منصوبہ بندی کے ساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر رہائشی ضروریات کو پورا کرنے کا اہتمام کیا گیا ہو۔ ہاں البتہ ایسے چند بڑے پراجیکٹ شہر کراچی کی انتظامی حدود سے خاصے فاصلے پر ضرور دیکھنے میں آئے ہیں۔ اِس لحاظ سے شہر کراچی کے بیچوں بیچ صرف اور صرف نیا ناظم آباد ہی ایسا پراجیکٹ ہے جسے جدید طرزِ رہائش کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مربوط منصوبہ بندی کے ساتھ کشادہ سڑکوں کا نظام، بہترین انفرا اسٹرکچر، خوبصورت پارک اور دیگر سہولیات کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے۔

فیز-I کے تمام رہائشی بلاکوں میں قبضے کی فراہمی کے بعد نیا ناظم آباد میں رہائش کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ بلاک B میں تعمیر شدہ بنگلوں کے قبضے کے حصول کے بعد بیشتر گھروں میں مالکان رہائش اختیار کر چکے ہیں اور یہاں آباد گھروں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ بلاک A، C اور D میں بھی متعدد پلاٹوں پر مالکان اپنے گھر تعمیر کر کے اور رہائش اختیار کر کے پرسکون و پرآسائش زندگی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ یوں نیا ناظم آباد شہر کراچی کے بیچوں بیچ ایک زندہ و جاوِداں رہائشی علاقہ بن چکا ہے۔












نیا ناظم آباد رہائش کے اعتبار سے ایک منفرد اور بے مثال پراجیکٹ تو ثابت ہو ہی چکا ہے، سرمایہ کاری کی مناسبت سے بھی نیا ناظم آباد انتہائی منافع بخش پراجیکٹ مانا جاتا ہے۔ رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں کراچی اور اسکے قرب و جوار میں ایسا کوئی اور پراجیکٹ نہیں جس نے ابتدائی قیمت سے اب تک سالانہ ۳۳ فیصد شرح مرکب کے لگ بھگ منافع دیا ہو۔ آج نیا ناظم آباد کے مختلف بلاکوں میں پلاٹ اور



بنگلوں کے قبضے کی فراہمی اور رہائش کا سلسلہ شروع ہونے کے بعد پلاٹوں اور بنگلوں کی مانگ میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ نیا ناظم آباد کے ابتدائی دور سے جو معزز ممبران ہمارے شریک سفر رہے ہیں وہ نیا ناظم آباد کی تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ سرمائے کی مالی قدر میں اضافے پر بے حد مطمئن ہیں اور اپنے آپ کو نیا ناظم آباد کا حصہ ہونے پر یقیناً فخر محسوس کرتے ہیں۔

# نیا ناظم آباد میں جاری ترقیاتی کاموں کی تصویری جھلکیاں:

نیا ناظم آباد جامع مسجد کا تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے





نیا ناظم آباد جمخانہ کی تعمیر مختلف مراحل سے گزرتی ہوئی تکمیل کی طرف گامزن ہے







بلاک C اور D کے درمیان 200 فٹ چوڑے مین روڈ کے مغربی حصے میں بہت بڑے اور خوبصورت گیٹ کی تعمیر بھی آخری مراحل میں ہے۔ یوں یہاں کے رہائشیوں کے لیے باہر سے براہِ راست داخلے کی سہولت بھی بہت جلد میسر ہو جائے گی۔

بلاک M اور N میں لینڈ ورک اور انفرا اسٹرکچر کی تعمیر کا کام شروع ہو چکا ہے۔







# نیا ناظم آباد میں سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ہونے والی اہم پیش رفت



## نیا ناظم آباد فلائی اُوور

نیا ناظم آباد کی تعمیر و ترقی سے وابستہ سب سے بڑی اور اہم خبر یہ ہے کہ نارتھ ناظم آباد اور نیا ناظم آباد کے درمیان فلائی اُوور کی تعمیر کا منصوبہ لوکل گورنمنٹ ڈپارٹمنٹ ،حکومت سندھ سے باقاعدہ منظور ہوگیا ہے اور بہت جلد نیا ناظم آباد فلائی اُوور کی گراؤنڈ بریکنگ ( Ground Breaking ) کا اعلان کیا جائے گا۔

نیا ناظم آباد فلائی اُوور سخی حسن چورنگی سے نیا ناظم آباد کی جانب جاتے ہوئے قلندریہ چوک سے پہلے شروع ہوگا اور قلندریہ چوک سے ٹریفک کو بائی پاس کرتے ہوئے نصرت بھٹو کالونی اور میانوالی کالونی کے اوپر سے گزرتا ہوا نیا ناظم آباد کے گیٹ ہاؤس کے قریب اُترے گا۔ اِس فلائی اُوور کی کُل لمبائی تقریباً ڈیڑھ کلومیٹر ہوگی اور اس کی تعمیر سے نارتھ ناظم آباد سے نیا ناظم آباد تک کا راستہ روانی اور اطمینان کے ساتھ محض ڈیڑھ سے دومنٹ میں طے ہوسکے گا۔

---

## K-Electric کنکشن اور میٹر کی فراہمی



رہائشی بلاکوں میں K-Electric سے بجلی کے براہ راست کنکشن اور میٹر لگانے کے سلسلے میں بھی خاصی پیش رفت ہوئی ہے۔ K-Electric کے سب اسٹیشن کے ذریعے بجلی کی فراہمی شروع کرنے کے سلسلے میں ٹرانسفارمرز، پی ایم ٹی اور دیگر آلات کی تنصیب جاری ہے۔ بہت جلد نیا ناظم آباد کے رہائشی اپنے گھروں پر K-Electric کے میٹر کی فراہمی کے لیے درخواست دے سکیں گے اور اس طرح اِن کے بجلی کے بلوں میں خاطر خواہ بچت ہوسکے گی۔

---

## سوئی گیس کی فراہمی



نیا ناظم آباد انتظامیہ کی مربوط کوششوں کے نتیجے میں سوئی سادرن گیس کمپنی لمیٹڈ نے نیا ناظم آباد میں رہائشی صارفین کے لیے گیس کنکشنز کی فراہمی کی منظوری دے دی ہے۔ چند ماہ میں رہائشی بلاکوں میں گیس کی لائنز بچھائے جانے کے بعد گیس کنکشنز کا آغاز ہوجائے گا اور یوں رہائشیوں کو گیس سلینڈر سے نجات ملے گی۔




حال ہی میں The Educators - Naya Nazimabad Campus کا افتتاح ہوچکا ہے اور اب رہائشیوں کو اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے نیا ناظم آباد میں بھی بہترین سہولت دستیاب ہوگی۔ اسکول کیمپس سابقہ لال گیٹ پر واقع وسیع و عریض عمارت میں کشادہ کلاس رومز، خوبصورت ڈیزائن اور دیگر سہولیات کے ساتھ موجود ہے۔

رہائشیوں کی روزمرہ ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے اس عمارت میں میڈیکل کمپلکس بھی بنایا جارہا ہے جہاں لوگوں کو فوری طبی امداد اور علاج معالجے کی خاطر خواہ سہولیات مُیسر ہونگی۔

شہر کراچی اور خصوصاً نیا ناظم آباد کے گردونواح میں رہائش کی مانگ میں بے پناہ اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے اور نیا ناظم آباد کی کامیابیوں کے سفر کو آگے بڑھاتے ہوئے اب جاوِداں کارپوریشن پیش کر رہا ہے، **نیا ناظم آباد اپارٹمنٹس**۔




نیا ناظم آباد کی سب سے پرائم لوکیشن یعنی جامع مسجد اور بلاک B سے متصل، 140 فٹ چوڑے روڈ کے ساتھ 4 اور 5 کمروں کے کشادہ اور پرآسائش اپارٹمنٹس کی تعمیر کا اعلان کیا جا رہا ہے۔ یہ اپارٹمنٹس دورِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں گے۔ نیا ناظم آباد اپارٹمنٹس اپنے جدید ڈیزائن، خوبصورت ایلیویشن اور نفیس رنگوں کے باعث بالکل مختلف اور منفرد نظر آئیں گے۔ پراجیکٹ میں مختلف منزلوں پر گرین ٹیرس GreenTerrace متعارف کرائے گئے ہیں جو اِن اپارٹمنٹس کو دوسرے تمام پراجیکٹس سے ممتاز کرتے ہیں۔ پراجیکٹ کے ہر اپارٹمنٹ کے لیے ایک کار پارکنگ کی جگہ مختص کی گئی ہے۔














نیا ناظم آباد اپارٹمنٹس کے اندرونی ڈیزائن کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ ان میں داخل ہوتے ہی مین لاؤنج میں سامنے کی جانب بڑی کھڑکی رکھی گئی ہے۔ اِس سے باہر کے دلکش نظارے سے لطف اندوز ہونے کے ساتھ ساتھ خاطر خواہ روشنی اور کشادگی کا احساس بھی ہوگا۔ زیادہ روشن اور ہوادار ہونے کے باعث بجلی، پنکھے اور ایئر کنڈیشنر کی ضرورت میں کمی پیش آئے گی۔ اپارٹمنٹ کے اندرونی نقشے میں بھی منفرد انداز سے پلاننگ کی گئی ہے۔ ڈرائنگ روم، بیڈ روم اور لاؤنج کے سائز بھی روایت سے ہٹ کر خاصے کشادہ رکھے گئے ہیں۔ پانچ کمروں کے اپارٹمنٹ کا کُل رقبہ 1750 اسکوائر فٹ اور چار کمروں کے اپارٹمنٹ کا کُل رقبہ 1249 اسکوائر فٹ ہوگا۔ دونوں طرز کے اپارٹمنٹس میں پاؤڈر روم اور اسٹور بھی رکھے گئے ہیں۔



## نیاناظم آباداپارٹمنٹ کی خصوصیات:

- نیاناظم آباد کی سب سے پرائم لوکیشن
- 140فٹ چوڑے روڈ سے متصل
- ملٹی لیول سیکیورٹی سسٹم
- اسٹینڈ بائی جنریٹر
- تیز رفتار لفٹس
- ریسپشن اور ویٹنگ ایریا
- گرین ٹیریس اور فلور پارکس
- ہر اپارٹمنٹ کے لیے مختص کار پارکنگ
- مہمانوں کے لیے کار پارکنگ ایریا
- سب لیز کی فراہمی
- انشورنس کوریج
- بینک سے قرضے کی سہولت








ہمیں اُمید ہے کہ نیاناظم آباداپارٹمنٹس، جدید رہائشی طرزِ معیار کے ساتھ ساتھ بہترین سرمایہ کاری کا موقع بھی فراہم کریں گے جیسا کہ نیاناظم آباد نے ابھی تک آپ کی امیدوں سے بڑھ کر نتائج دیئے ہیں۔اسی بھروسے کے ساتھ آج ہی نیاناظم آباد سیلز سینٹر تشریف لائیں اور اپارٹمنٹ کی بُکنگ کے لیے اپنی رجسٹریشن کروائیں۔


### Main Sales Center
Naya Nazimabad,
Karachi.
UAN: +92-21-111-511-611
Tel: +92-21-36770001-3

### Gulshan-e-Iqbal
Showroon No. 3, Daata Center,
Block 13-B, Gulshan-e-Iqbal, main
University Road, Karachi.
Tel: +92-21-34830821-2

### North Karachi
Plot No. R-435, Sector
11/C-1, Adam Town, U.P
More, North Karachi
Tel: +92-21-36985471-3